رحمھم اللہ کا مجمع تھا۔ (تفسیر عثمانی) حضرت مولانا مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ: ”فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا جواب اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ وہ دن ہمارے لیے دوہری عید کا تھا، ایک عرفہ اور دوسرا جمعہ (یعنی جس طرح عرفہ اور جمعہ کے دن عبادت، قبولیتِ دعا اور منقبت کے ہیں، اسی طرح عیدالفطر اور عیدالاضحی ہیں)۔“ (معارف القرآن، ج:۳، ص:۳۴) معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی عید کا فلسفہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر، مناجات ودعا، ایثار وقربانی اور باہمی اتحاد و یکجہتی ہے، نہ کہ محض خوشی و طرب جو روحانیت سے خالی ہو۔ مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں: ”(فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے) اس جواب سے یہ بھی پتہ چلا کہ یہود و نصاریٰ کی طرح ہماری عیدیں، تاریخی واقعات کے تابع نہیں کہ جس تاریخ کو کوئی اہم واقعہ پیش آگیا ہو، اس کو عید منانا شروع کردیا، جیسا کہ جاہلیتِ اُولیٰ کی رسم تھی۔“ (معارف القرآن، ج:۳، ص:۳۴) مفتی محمد تقی عثمانی صاحب فرماتے ہیں: ”جن ایام کو اسلام نے تہوار کے لیے مقرر فرمایا، ان کے ساتھ کوئی ایسا واقعہ وابستہ نہیں جو ماضی میں ایک مرتبہ پیش آکر ختم ہوچکا ہو، بلکہ اس کے بجائے ایسے خوشی کے واقعات کو تہوار کی بنیاد قرار دیا، جو ہر سال پیش آتے ہیں اور ان کی خوشی میں عید منائی جاتی ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دونوں عیدیں ایسے موقع پر مقرر فرمائی ہیں، جب مسلمان کسی عبادت کی تکمیل سے فارغ ہوتے ہیں، چنانچہ عیدالفطر رمضان کے گزرنے کے بعد رکھی ہے کہ میرے بندے پورے مہینے عبادت کے اندر مشغول رہے، اس کی خوشی اور انعام میں یہ عیدالفطر مقرر فرمائی اور عیدالاضحی ایسے موقع پر مقرر فرمائی جب مسلمان ایک دوسری عظیم عبادت یعنی حج کی تکمیل کرتے ہیں، اس لیے کہ حج کا سب سے بڑا رکن وقوفِ عرفہ ۹/ ذوالحجہ کو ادا کیا جاتا ہے، اس تاریخ کو پوری دنیا سے آئے ہوئے لاکھوں مسلمان میدانِ عرفات میں جمع ہوکر اللہ تعالیٰ کی عظیم عبادت کی تکمیل کرتے ہیں، اس عبادت کی تکمیل کے اگلے دن یعنی دس ذوالحجہ کو اللہ تعالیٰ نے دوسری عید یعنی عیدالاضحی مقرر فرمائی۔“ (اصلاحی خطبات، ج:۱۲، ص:۹۰) اسلامی معاشرے پر تہواروں کے اثرات اوران کے امتیازات اسلامی معاشرے پر تہواروں کے بڑے دور رس اور دیر پا اثرات مرتب ہوئے ہیں اورانہی اثرات کی وجہ سے وہ اقوام عالم کے تہواروں سے ممتاز ہیں، ان میں سے چند ایک کا تذکرہ پیش خدمت ہے۔ روحانیت اسلام نے تہواروں کو عیش و طرب کا نمونہ نہیں رکھا جو اخلاقی قدروں کو بہا لے جائے اور انسان کے روحانی تقاضوں سے متصادم ہو، بلکہ ان میں عبادت کے ایسے پرجوش مظاہر رکھے ہیں، جو روحانیت وللہیت اور صدق وخلوص کے حصول کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اسلامی حدود وقیود کے ساتھ منائی جانے والی عیدیں پاپی طبیعتوں میں تدین و خدا پرستی کے جذبات پیدا کرتی ہیں اور انسان کے جذبۂ عمل صالح کو مہمیز بخشتی ہیں۔ جب تک اسلامی معاشرہ اور تہذیب اپنے طمطراق سے قائم تھی، اسلامی تہواریں اُن پر اپنا روحانی اثر ثبت کرتی رہیں اور مسلمانوں کی روحانی غذا کا سامان بنتی رہیں۔ باطنی صفائی کے ساتھ تہواروں میں ظاہری طہارت ونظافت کا درجہ بھی ”عبادت“ ہے۔ وضو، غسل، صاف ستھرا لباس، خوشبو، مسواک اور دیگر نظافتیں انسان کے ظاہر کو نکھارتی ہیں۔ اسلامی تہواروں میں طہارت و نظافت کے حصول کو باعث اجر وثواب بتایا گیا ہے، جس کے حصول میں ایک

طرف ظاہر کی آراستگی ہے اور دوسری طرف اس کے باطن پر پڑنے والے اثرات ہیں، کیونکہ ظاہر کی صفائی کا تزکیۂ باطن پر نمایاں اثر پڑتا ہے۔ اتحاد ویگانگت اسلامی تہواروں میں اجتماع ومجامع کے مظاہر وجوبی حیثیت رکھتے ہیں، دونوں تہواروں میں نماز عید کو ''بڑے مجمع'' کے ساتھ ادا کرنا واجب رکھا گیا ہے، ایک طرف یہ اجتماعی عبادت رحمتِ الٰہی کی توجہ کا باعث بنتی ہے تو دوسری طرف اسلامی معاشرے کے تمام طبقات کو اکٹھا ہونے اور اتحاد ویگانگت کے مظاہرہ کا سنہری موقع بھی بہم پہنچاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دونوں تہواروں سے پہلے جن عبادات کی تکمیل ہوتی ہے، ان میں بھی اجتماع کی شان نمایا ں ہے۔ عیدالفطر سے قبل تراویح کی اضافی عبادت کو سنت مؤکدہ رکھا گیا ہے، اس کی ادائیگی اجتماعی ہیئت کے ساتھ ہوتی ہے اور چونکہ سال بھر میں صرف ایک مہینہ ہوتی ہے، اس لیے اجتماع کا جوش وخروش اور باہمی اُلفت و یگانگت ممتاز دکھائی دیتی ہے، جبکہ عیدالاضحی سے قبل حج کی تکمیل ہوتی ہے، جو دنیا میں رائج تمام تہذیبوں اور ملتوں میں کسی ملت کا سب سے بڑا، منظم اور عالمگیر اجتماع ہے، دنیا بھر کے لاکھوں مسلمان بلا تفریقِ رنگ ونسل اور زبان و وطن ایک ہی معمول پر، ایک ہی مکان میں اور ایک ہی وقت پر اکٹھے ہو کر جہاں عظیم دینی عبادت کی تکمیل کرتے ہیں، وہاں نظم وضبط، ترتیب و نسق اور اتحاد ویگانگت کی وہ مثال پیش کرتے ہیں، جس کا مظاہرہ اسلامی تہذیب کے سوا کہیں نہیں ملتا۔ ان مجامع کے اتحاد کا اثر اسلامی معاشرے پر انتہائی دیرپا اور مؤثر انداز میں مرتب ہوتا ہے اور اسلامی معاشرہ میں دنیا بھر کے مسلمانوں کے ساتھ بھائی چارے، یکجہتی اور محبت و مودّت کا شعور اُجاگر ہوتا ہے۔

ایثار وقربانی اسلامی تہوار محض انفرادی خوشی منانے کا نام نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی انجام دہی میں ایسی عبادتیں رکھ دی ہیں، جو ایثار وقربانی کا درس دیتی ہیںاور اسلامی معاشرہ میں اجتماعی خوشی منانے کے جذبہ کو مہمیز بخشتی ہیں، مثلاً عیدالفطر کی نماز سے پہلے پہلے اللہ تعالیٰ نے ہر مسلمان چھوٹے بڑے پر صدقہ فطر واجب قرار دیا ہے، جو اسلامی معاشرہ کے ان غریب طبقات پر خرچ کیا جائے گا جن کے پاس ایسے مواقع پر خوشی کے اسباب اختیار کرنے کی وسعت وگنجائش یا تو ہوتی نہیں یا بہت محدود ہوتی ہے، تاکہ یہ طبقات احساسِ کمتری کا شکار نہ ہوں اور ان مقدس ایام میں اپنے اور اپنے بچوں کے واسطے کھانے پہنے اور لباس کا مناسب بندوبست کر سکیں۔ اسی طرح عیدالاضحی میں صاحب استطاعت مسلمانوں پر جانور کی قربانی واجب قرار دی گئی، چونکہ یہ تہوار اللہ تعالیٰ کی جانب سے مہمانی ہوتی ہے، تاکہ اُس کے بندے اس خوشی میںاعلیٰ ترین غذا ''گوشت'' کا لطف اٹھائیں، اس لیے اللہ تعالیٰ نے معاشرے کے صاحبِ ثروت طبقات کو جانور کی ''قربانی'' پیش کرنے کا حکم دیا۔ یہ قربانی جہاں عمل ابراہیمی کی یادگار، حب مال کے رذیلہ کا حکیمانہ علاج، دین کے لیے مال وجان کی قربانی پیش کرنے کے جذبے کا حصول اور اللہ تعالیٰ کے دربار سے بے پایا اجر وثواب کمانے کا ذریعہ ہے، وہاں معاشرے کے غریب طبقات کو اپنے ساتھ اس خوشی اور پر لطف غذا میں شریک کرنا ہے۔ اسلامی تہوار کا یہ پہلو مسلمانوں کے دلومیں ''ایثار وقربانی'' کا لازوال جذبہ پیدا کرتا ہے اور اُنہیں یہ شعور بخشتا ہے کہ دولت وثروت چند ہاتھومیں سمیٹ کر رکھنے کی شے نہیں، بلکہ اسلام کامزاج معاشرے کے تمام طبقات میں اس کی مناسب ''گردش'' پر مبنی ہے،

تاکہ کوئی طبقہ اس قدر ذلت وکہتری کا شکار نہ ہو کہ مایوسی کے پاتال میں پڑا رہے اور اُسے زندگی کی جائز خوشیاں بھی نصیب نہ ہوں۔ ذوقِ عبادت کی فراوانی اسلامی تہوار عبادت ہی کی تکمیل کا انعام ہیں اور خود ان تہوارں میںبھی جانی ومالی عبادات کے مختلف مظاہر رکھے گئے ہیں، جو لوگ عام حالات کے اندر ذوقِ عبادت میں کوتاہ سمجھے جاتے ہیں، وہ بھی ایسے اجتماعی مواقع پر ''عبادت'' میں جوش وخروش دکھاتے ہیں اور اس کا کافی اہتمام کرتے ہیں۔ ان مواقع میں عبادات کا جوش واہتمام معاشرے میں دُعا و عبادت کا ذوق پیدا کرتا ہے۔ یہ اسلامی تہواروں کا ہی امتیاز ہے کہ خوشی و تفریح کے یہ مواقع دینی بیداری اور مذہبی میلان کا باعث بنتے ہیں اور معاشرے میں مذہبی و دینی رجحانات کو جلا بخشتے ہیں، ورنہ اقوام عالم کے تہواروںنے توان کی مذہبی تعلیمات کا جنازہ نکالنے میںکوئی کسر نہیں چھوڑی۔ سادگی وزہد وقناعت اسلامی تہواروں میں دیگر مذاہب کے تہواروں کی طرح عیش وطرب اور لہو و لعب کی ممانعت ہے، خوشی کی آڑ میں اسراف وتبذیر اور تضییع وتعیش کی ہرگز اجازت نہیں، کیونکہ ان چیزوں کا التزام و رواج مآلاً خوشی کو وبال میں بدل دیتا ہے اور معاشرے کے لاچار اور غریب طبقات میں احساسِ کمتری و کہتری کا باعث بنتا ہے۔ اسلام نے خوشی کے ان مواقع میں سادگی وزہد وقناعت کا بنیادی اُصول برقرار رکھا ہے، نئے لباس یا عمدہ و مہنگے کھانوں کا کوئی التزام نہیں، بس صاف ستھرا لباس پہننا مسنون ہے، اگرچہ پرانا ہو۔ اسلام کی تعلیم ہے کہ کھانے پینے میںبھی اپنی وسعت وگنجائش کو مدِ نظر رکھا جائے اور ان مادی اشیاء سے نفس کو طراوت بخشنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے استحضار اور ذکر وعبادت سے جی خوش کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا استعمال اور اظہار کوئی امرِ ممنوع نہیں، مقصود یہ ہے کہ سادگی وقناعت کا جوہر ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے، ضروری راحت و آرام اور تسکین و تفریح کے سامان سے شرعی حدود میں رہ کر مستفید ہوا جائے اور اغیار کی طرح آرام و آسائش اور تفریح و تسکین کے لیے اسراف و تبذیر کا ارتکاب نہ کیا جائے۔ تہواروں میں سادگی اور قناعت کے یہ مظاہر اسلامی معاشرے میں نجی اور انفرادی خوشی کے مواقع پر گہرا اثر مرتب کرتے ہیں اور یہ شعور اُجاگر کرتے ہیں کہ خوشی منانے کا مطلب یہ نہیں کہ اللہ کی نعمتوں کو بے دریغ لٹایا اور ضائع کیا جائے، بلکہ ان کا شکر ہی خوشی کی اصل روح ہے۔ غیرت و حمیت کی بڑھوتری اسلامی تہواروں میں ایسے نشاطات کا اہتمام جو اسلامی تعلیمات سے متصادم نہ ہوں، مباح ہے، مثلاً غیرت و حمیت کا جذبہ موجزن کرنے کے لیے نظمیں اور ترانے پڑھنا، یا جہادی مظاہروں اور کھیلوں کا انعقاد کرنا۔ اس سے معاشرے میںجذبۂ حریت، قومی و ملی غیرت اور اسلامی حمیت روزافزوں ہوتی ہے اور تفریح کا مناسب سامان بھی مہیا ہوتا ہے۔ ان مثبت تفریحی سرگرمیوں کا اسلامی معاشرے پر گہرا اثر مرتب ہوتا ہے اور من حیث القوم ایک نشیط، بیدار مغز اور پر حمیت نسل پروان چڑھتی ہے۔ اسلامی تہواروں کے ان اثرات و مقاصد کے پیشِ نظر اب قابلِ غور امر یہ ہے کہ اسلامی معاشرے میں رواج پانے والے اغیار کے رسوم و تہوار اور ان میںنسل نو کی دلچسپی سے کیا معاشرے پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے؟ ہرگز نہیں! بلکہ مسلمانوں کے اپنے تہوار بھی ان اثرات و مقاصد کو کھو دیں گے، جیسا کہ مشاہد ہے۔



عشرۂ ذی الحجہ کے فضائل :

آنحضرت ﷺ نے فرمایا : ''اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے عشرۂ ذی الحجہ سے بہتر کوئی زمانہ نہیں، ان میں ایک دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر اور ایک رات کی عبادت شب قدر کی عبادت کے برابر ہے۔'' (ترمذی، ابن ماجہ) قرآن مجید میں سورۂ ''والفجر'' میں اللہ تعالیٰ نے دس راتوں کی قسم کھائی ہے اور وہ دس راتیں جمہور کے قول کے مطابق یہی عشرۂ ذی الحجہ کی راتیں ہیں۔ خصوصاً نویں ذی الحجہ کا روزہ رکھنا ایک سال گزشتہ اور ایک سال آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہے اور عید کی رات میں بیدار رہ کر عبادت میں مشغول رہنا بڑی فضیلت اور ثواب کا موجب ہے۔ تکبیر تشریق ''اَللّٰہ اَکبر اَللّٰہ اَکبر لااِلٰہ اِلااللّٰہ واللّٰہ اَکبر اَللّٰہ اَکبر وللّٰہ الحمد''۔ نویں تاریخ کی صبح سے تیرہویں تاریخ کی عصر تک ہر نماز کے بعد بآوازِ بلند ایک مرتبہ مذکورہ تکبیر کہنا واجب ہے۔ فتویٰ اس پر ہے کہ باجماعت اور تنہا نماز پڑھنے والے اس میں برابر ہیں، اس طرح مرد و عورت دونوں پر واجب ہے، البتہ عورت بآوازِ بلند تکبیر نہ کہے، آہستہ سے کہے۔ (شامی)

عید الاضحی کے دن مذکورہ ذیل امور مسنون ہیں :

صبح سویرے اُٹھنا، غسل و مسواک کرنا، پاک وصاف عمدہ کپڑے جو اپنے پاس ہوں پہننا، خوشبو لگانا، نماز سے پہلے کچھ نہ کھانا، عید گاہ کو جاتے ہوئے راستہ میں بآوازِ بلند تکبیر کہنا۔ نمازِ عید نماز عید دو رکعت ہیں۔ نماز عید اور دیگر نمازوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں ہر رکعت کے اندر تین تین تکبیریں زائد ہیں۔ پہلی رکعت میں ''سبحانک اللّٰھم'' پڑھنے کے بعد قراء ت سے پہلے اور دوسری رکعت میں قراء ت کے بعد رکوع سے پہلے۔ ان زائد تکبیروں میں کانوں تک ہاتھ اٹھانے ہیں۔ پہلی رکعت میں دو تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیں، تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں۔ دوسری رکعت میں تینوں تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیے جائیں، چوتھی تکبیر کے ساتھ رکوع میں چلے جائیں۔

☆...اگر دورانِ نماز امام یا کوئی مقتدی عید کی زائد تکبیریں یا ترتیب بھول جائے تو ازدہام کی وجہ سے نماز درست ہوگی، سجدۂ سہو بھی ضروری نہیں۔

☆...اگر کوئی نماز میں تاخیر سے پہنچا اور ایک رکعت نکل گئی تو فوت شدہ رکعت کو پہلی رکعت کی ترتیب کے مطابق قضاء کرے گا، یعنی ثناء ''سبحانک اللّٰھم'' کے بعد تین زائد تکبیریں کہے گا اور آگے ترتیب کے مطابق رکعت پوری کرے گا۔ نمازِ عید کے بعد خطبہ سننا مسنون ہے۔ خطبہ سننے کا اہتمام کرنا چاہیے، خطبہ سے پہلے اٹھنا درست نہیں ہے۔

فضائل قربانی : قربانی کرنا واجب ہے، رسول اللہ ﷺ نے ہجرت کے بعد ہر سال قربانی فرمائی، کسی سال ترک نہیں فرمائی۔ جس عمل کو حضور ﷺ نے لگاتار کیا اور کسی سال بھی نہ چھوڑا ہو تو یہ اُس عمل کے واجب ہونے کی دلیل ہے۔ علاوہ ازیں آپ ﷺ نے قربانی نہ کرنے والوں پر وعید ارشاد فرمائی۔ حدیث پاک میں بہت سی وعیدیں ملتی ہیں، مثلاً : آپ ﷺ کا یہ ارشاد کہ جو قربانی نہ کرے، وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے۔ علاوہ ازیں خود قرآن میں بعض آیات سے بھی قربانی کا وجوب ثابت ہے۔ جو لوگ حدیث پاک کے مخالف ہیں اور اس کو حجت نہیں مانتے، وہ قربانی کا انکار کرتے ہیں، ان سے جو لوگ متأثر ہوتے ہیں، وہ کہتے ہیںکہ پیسے دے دیئے جائیں یا یتیم خانہ میں رقم دے دی جائے، یہ بالکل غلط ہے، کیونکہ عمل کی ایک تو صورت ہوتی ہے، دوسری حقیقت ہے، قربانی کی صورت یہی ضروری ہے، اس کی بڑی مصلحتیں ہیں، اس کی حقیقت اخلاص ہے۔ آیت قرآنی سے بھی یہی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

قربانی کی بڑی فضیلتیں ہیں مسند احمد کی روایت میں ایک حدیث پاک ہے، حضرت زید بن ارقمؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ : یہ قربانیاں کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا : قربانی تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا : ہمارے لیے اس میں کیا ثواب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا : اس کے ایک ایک بال کے عوض ایک نیکی ہے۔ اون کے متعلق فرمایا : اس کے ایک ایک بال کے عوض بھی ایک نیکی ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں : رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا : قربانی کے دن اس سے زیادہ کوئی عمل محبوب نہیں، قیامت کے دن قربانی کا جانور سینگوں، بالوں اور کھروں کے ساتھ لایا جائے گا اور خون کے زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے یہاں قبولیت کی سند لے لیتا ہے، اس لیے تم قربانی خوش دلی سے کرو۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں : قربانی سے زیادہ کوئی دوسرا عمل نہیں، الا یہ کہ رشتہ داری کا پاس کیا جائے۔ (طبرانی) رسول اللہ ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ارشاد فرمایا کہ : تم اپنی قربانی ذبح ہوتے وقت موجود رہو، کیونکہ پہلا قطرہ خون گرنے سے پہلے انسان کی مغفرت ہوجاتی ہے۔ قربانی کی فضیلت کے بارے میں متعدد احادیث ہیں، اس لیے اہل اسلام سے درخواست ہے کہ اس عبادت کو ہرگز ترک نہ کریں جو اسلام کے شعائر میں سے ہے۔ اور اس سلسلہ میں جن شرائط و آداب کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے، اُنہیں اپنے سامنے رکھیں اور قربانی کا جانور خوب دیکھ بھال کر خریدیں۔ قربانی سے متعلق مسائل آئندہ سطور میں درج کیے جارہے ہیں :

مسائل قربانی مسئلہ نمبر : ١...جس شخص پر صدقۂ فطر واجب ہے، اُس پر قربانی بھی واجب ہے۔

☆...یعنی قربانی کے تین ایام (١٠، ١١، ١٢ / ذو الحجہ) کے دوران اپنی ضرورت سے زائد اتنا مال یا اشیا جمع ہوجائیں کہ جن کی مالیت ساڑھے باون تولہ چاندی کے برابر ہو تو اس پر قربانی لازم ہے، مثلاً : رہائشی مکان کے علاوہ کوئی مکان ہو، خواہ تجارت کے لیے ہو یا نہ ہو، اسی طرح ضروری سواری کے طور پر استعمال ہونے والی گاڑی کے علاوہ گاڑی ہو تو اسے شخص پر بھی قربانی لازم ہے۔

مسئلہ نمبر: ۲...مسافر پر قربانی واجب نہیں۔

مسئلہ نمبر: ۳...قربانی کا وقت دسویں تاریخ سے لے کر بارہویں تاریخ کی شام تک ہے، بارہویں تاریخ کا سورج غروب ہوجانے کے بعد درست نہیں۔ قربانی کا جانور دن کو ذبح کرنا افضل ہے، اگرچہ رات کو بھی ذبح کرسکتے ہیں، لیکن افضل بقرہ عید کا دن، پھر گیارہویں اور پھر بارہویں تاریخ ہے۔

مسئلہ نمبر: ۴...شہر اور قصبوں میں رہنے والوں کے لیے عید الاضحی کی نماز پڑھ لینے سے قبل قربانی کا جانور ذبح کرنا درست نہیں ہے۔ دیہات اور گاؤں والے صبح صادق کے بعد فجر کی نماز سے پہلے بھی قربانی کا جانور ذبح کرسکتے ہیں۔ اگر شہری اپنا جانور قربانی کے لیے دیہات میں بھیج دے تو وہاں اس کی قربانی بھی نمازِ عید سے قبل درست ہے اور ذبح کرانے کے بعد اس کا گوشت منگواسکتا ہے۔

مسئلہ نمبر: ۵... اگر مسافر مالدار ہو اور کسی جگہ پندرہ دن قیام کی نیت کرے، یا بارہویتاریخ کو سورج غروب ہونے سے پہلے گھر پہنچ جائے، یا کسی نادار آدمی کے پاس بارہویں تاریخ کو غروبِ شمس سے پہلے اتنا مال آجائے کہ صاحب نصاب ہوجائے تو ان تمام صورتوں میں اس پر قربانی واجب ہوجاتی ہے۔

☆... نیز اگر مسافر مالدار ہو، دورانِ سفر قربانی کے لیے رقم بھی ہو اور وہ پندرہ دن سے کم عرصہ کے لیے رہائش پذیر ہونے کے باوجود بآسانی قربانی کرسکتا ہو تو قربانی کرلینا بہتر ہے۔

مسئلہ نمبر: ٦... قربانی کا جانور اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا زیادہ اچھا ہے، اگر خود ذبح نہ کرسکتا ہو تو کسی اور سے بھی ذبح کراسکتا ہے۔

☆... بعض لوگ قصاب سے ذبح کراتے وقت ابتداءً خود بھی چھری پر ہاتھ رکھ لیا کرتے ہیں، ایسے لوگوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ قصاب اور قربانی والے دونوں مستقل طور پر تکبیر پڑھیں، اگر دونوں میں سے ایک نے نہ پڑھی تو قربانی صحیح نہ ہوگی۔ (شامی، ج: ٦، ص: ۳۳)

مسئلہ نمبر: ۷... قربانی کا جانور ذبح کرتے وقت زبان سے نیت پڑھنا ضروری نہیں، دل میں بھی پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ نمبر: ۸... قربانی کا جانور ذبح کرتے وقت اس کو قبلہ رخ لٹائے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے: ''إِنِّیْ وَجَّہْتُ وَجْہِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِیْفاً وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ، إِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ، أَللّٰہُمَّ مِنْکَ وَلَکَ''۔ اس کے بعد ''بسم اللّٰہ اَللّٰہ اَکبر'' کہہ کر ذبح کرے۔ (کذا فی سنن ابی داوٗد) ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے: ''اَللّٰھم تقبّلہ منّی کما تقبّلت من حبیبک محمد وخلیلک إبراہیم علیہما الصلوٰۃ والسلام''۔

مسئلہ نمبر: ۹... قربانی صرف اپنی طرف سے کرنا واجب ہے، اولاد کی طرف سے نہیں، اولاد چاہے بالغ ہو یا نابالغ، مالدار ہو یا غیر مالدار۔

مسئلہ نمبر: ۱۰...درج ذیل جانوروں کی قربانی ہوسکتی ہے: اونٹ، اونٹنی، بکرا، بکری، بھیڑ، دُنبہ، گائے، بیل، بھینس، بھینسا۔ بکرا، بکری، بھیڑ اور دُنبہ کے علاوہ باقی جانوروں میں سات آدمی شریک ہوسکتے ہیں، بشرطیکہ کسی شریک کا حصہ ساتویں حصہ سے کم نہ ہو اور سب قربانی کی نیت سے شریک ہوں یا عقیقہ کی نیت سے، صرف گوشت کی نیت سے شریک نہ ہوں۔

☆... گائے، بھینس اور اُونٹ وغیرہ میں سات سے کم افراد بھی شریک ہوسکتے ہیں، اس طور پر کہ مثلاً چار آدمی ہوں تو تین افراد کے دو دو حصے اور ایک کا ایک حصہ ہوجائے۔ نیز اگر پورے جانور کو چار حصوں میں تقسیم کرلیں، یہ بھی درست ہے۔ یا یہ کہ دو آدمی موجود ہوں تو نصف نصف بھی تقسیم کرسکتے ہیں۔

☆... اسی طرح اگر کئی افراد مل کر ایک حصہ ایصالِ ثواب کے طور پر کرنا چاہیں تو یہ بھی جائز ہے، البتہ ضروری ہے کہ سارے شرکا اپنی اپنی رقم جمع کرکے ایک شریک کو ہبہ کردیں اور وہ اپنی طرف سے قربانی کردے، اس طرح قربانی کا حصہ ایک کی طرف سے ہوجائے گا اور ثواب سب کو ملے گا۔

مسئلہ نمبر: ۱۱... اگر قربانی کا جانور اس نیت سے خریدا کہ بعد میں کوئی مل گیا تو شریک کرلوں گا اور بعد میں کسی اور کو قربانی یا عقیقہ کی نیت سے شریک کیا تو قربانی درست ہے اور اگر خریدتے وقت کسی اور کو شریک کرنے کی نیت نہ تھی، بلکہ پورا جانور اپنی طرف سے قربانی کرنے کی نیت سے خریدا تھا تو اب اگر شریک کرنے والا غریب ہے تو کسی اور کو شریک نہیں کرسکتا اور اگر مالدار ہے تو شریک کرسکتا ہے، البتہ بہتر نہیں۔

☆... ایک جانور قربانی کرنے کے لیے خریدا، اگر اس کے بدلے دوسرا حیوان دینا چاہے تو جائز ہے، مگر یہ لحاظ رکھنا ضروری ہے کہ دوسرا حیوان کم از کم اسی قیمت کا ہو، اگر اس سے کم قیمت کا ہو تو زائد رقم اپنے پاس رکھنا جائز نہیں، بلکہ صدقہ کرنا ضروری ہے۔ ہاں! اگر زبانی طور پر جانور کو متعین نہ کیا ہو، بلکہ یہ ارادہ کیا ہو کہ اگر اچھی قیمت میں فروخت ہورہا ہو تو فروخت کردیں گے۔ اس صورت میں اصل قیمت سے زائد رقم اپنے پاس رکھنے میں کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ نمبر: ۱۲... قربانی کا جانور گم ہوا، اس کے بعد دوسرا خریدا، اگر قربانی کرنے والا امیر ہے تو ان دونوں جانوروں میں سے جس کو چاہے ذبح کرے، جب کہ غریب پر ان دونوں جانوروں کی قربانی واجب ہوگی۔ وضاحت: اگر کسی آدمی نے قربانی کے لیے جانور خریدا اور خریدنے کے بعد وہ جانور قربانی کرنے سے پہلے گم ہوجائے تو صاحب حیثیت آدمی پر قربانی کے لیے دوسرا جانور خریدنا ضروری ہے، کیونکہ اس پر قربانی شرعاً واجب تھی اور واجب ادا نہیں ہوا، جبکہ فقیر آدمی پر دوسرا جانور خریدنا اور قربانی کرنا لازم نہیں تھا، اس کے باوجود غریب نے دوسرا جانور بھی خریدلیا، اب اگر مالدار اور غریب ہر دو کا پہلا گم شدہ جانور مل جائے تو امیر پر صرف شرعی واجب (قربانی) کا ادا کرنا لازم ہے، جس جانور کو ذبح کردے کافی ہے، جب کہ غریب پر خود سے واجب کردہ جانوروں کی قربانی کرنا لازم ہے۔ اس کی تفصیل یوں ہے کہ امیر آدمی پر نصاب کی وجہ سے قربانی واجب تھی، اس نے وہ ادا کردی، اس کے حق میں جانور متعین نہیں ہوا تھا، اُسے اختیار ہے کہ جس جانور کو چاہے ذبح کردے، جبکہ غریب آدمی پر قربانی لازم نہیں تھی، غریب نے از خود جانور خرید کر اپنے پر قربانی کو لازم کرلیا اور جو جانور اس نے خریدا وہ بھی متعین ہوگیا، اب پہلا جانور جو غریب کے حق میں قربانی کے نام سے متعین ہوچکا، اگر وہ گم ہوجائے تو اس کے بدلے دوسری قربانی لازم نہ تھی، اس کے باوجود غریب نے دوسرا جانور خرید کر اپنے پر قربانی لازم کرلی، اس بنا پر فقیر آدمی پر دوسری قربانی بھی لازم ہوئی۔ لہٰذا غریب آدمی دونوں جانوروں کی قربانی کرے گا۔ بخلاف مالدار کے کہ اس پر صرف قربانی لازم ہے، جانور متعین نہیں ہے، دونوں جانوروں میں

سے کسی ایک کی قربانی کردے تو کافی ہے۔

مسئلہ نمبر:۱۳...قربانی کے جانور میں اگر کئی شرکاء ہیں تو گوشت وزن کرکے تقسیم کریں۔

مسئلہ نمبر:۱۴...بھیڑ، بکری جب ایک سال کی ہوجائے، گائے، بھینس دوسال کی اوراونٹ پانچ سال کا تواس کی قربانی جائزہے،اگراس سے کم ہے توجائزنہیں۔ہاں!دنبہ اور بھیڑ(نہ کہ بکرا)اگراتنا موٹا تازہ ہوکہ سال بھر کا معلوم ہو تواس کی قربانی بھی جائزہے۔

☆...موجودہ دور میں جانوروں کو تول کر (وزن کرکے) خرید وفروخت کرنا بھی جائز ہے، ایسی قربانی بلاشبہ درست ہے۔

مسئلہ نمبر:۱۵...قربانی کا جانوراگراندھاہو،یاایک آنکھ کی ایک تہائی یااس سے زائد روشنی جاتی رہی ہو،یاایک کان ایک تہائی یا اس سے زیادہ کٹ گیاہو،یادُم ایک تہائی یااس سے زیادہ کٹ گئی ہو تواسے جانورکی قربانی جائزنہیں ہے۔

☆...گائے اور بھینس کے دو تھن یا بکری کا ایک تھن خشک ہوچکا ہو یا پیدائشی طور پر نہ ہوں تو اسے جانور کی قربانی بھی درست نہیں۔

مسئلہ نمبر:۱۶...اسی طرح اگر جانورایک پاؤں سے لنگڑا ہے، یعنی تین پاؤں سے چلتا ہے،چوتھے پاؤں کا سہارا نہیں لیتا تو اسے جانورکی قربانی بھی جائزنہیں۔ہاں!اگروہ چوتھے پاؤں سے سہارا لیتا ہے، لیکن لنگڑا کے چلتا ہے تو اسے جانور کی قربانی درست ہے۔

مسئلہ نمبر:۱۷...قربانی کا جانورخوب موٹا تازہ ہونا چاہیے،اگر جانوراس قدر کمزور ہوکہ ہڈیوں میں گودا بالکل نہ رہاہو، تواسے جانورکی قربانی جائزنہیں ہے۔

☆...بعض لوگ موٹا تازہ جانور محض دکھلاوے یا ریا و نمود کے لیے خریدتے ہیں، ایسے لوگ قربانی کے ثواب سے محروم ہوتے ہیں، ان پر لازم ہے کہ وہ موٹا تازہ جانور تلاش کرتے ہوئے محض ثواب کی نیت کریں۔

مسئلہ نمبر:۱۸...اگرکسی جانورکے تمام دانت گر گئے ہوں تو اس کی قربانی جائزنہیں ہے اوراگراکثر دانت باقی ہوں، کچھ گر گئے ہوں تو قربانی جائزہے۔

☆...اگرکسی جانورکی عمرپوری ہواوردانت نہ نکلے ہوں تو بھی قربانی ہوسکتی ہے، تاہم اس سلسلہ میں صرف جانوروں کے عام سوداگروں کی بات معتبر نہیں ہے، بلکہ یقین سے معلوم ہوناضروری ہے یایہ کہ خودگھرمیں پالاہواجانورہو تواس کی قربانی کی جاسکتی ہے۔

مسئلہ نمبر: ۱۹...جس جانورکے پیدائشی کان ہی نہ ہوں، اس کی قربانی جائزنہیں ہے۔

مسئلہ نمبر: ۲۰...اگرکسی جانورکے سینگ بالکل جڑسے ٹوٹ چکے ہوں، اس طورپرکہ دماغ اس سے متاثرہواہو تواسے جانورکی قربانی جائزنہیں اوراگر معمولی ٹوٹے ہوں یا سرے سے سینگ ہی نہ ہوں، جیسے: اونٹ تو بلاکراہت جائزہے۔

☆...اسی طرح گائے، بکری وغیرہ کے اگرپیدائشی سینگ نہ ہوں تواس کی قربانی بھی جائزہے۔

مسئلہ نمبر: ۲۱...خارش زدہ جانورکی قربانی جائزہے، البتہ اگر خارش کی وجہ سے بے حدکمزورہوگیاہو توپھرجائزنہیں۔

مسئلہ نمبر: ۲۲...اگر قربانی کے جانور میں کوئی عیب پیدا ہوا جس کے ہوتے ہوئے قربانی درست نہ ہو تو مالدار شخص کے لیے یہ ضروری ہے کہ دوسرا جانوراس کے بدلے خرید کرقربانی

کرے، غریب ہے تو اسی جانور کی قربانی کرسکتا ہے۔

☆...اگر قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے لیے گراتے ہوئے کوئی عیب پیدا ہوجائے، مثلاً: ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ جائے یا سینگ وغیرہ ٹوٹ جائے تو اس سے قربانی پر اثر نہیں پڑے گا، البتہ جانور کو گراتے وقت احتیاط کرنا چاہیے۔

مسئلہ نمبر: ۲۳...قربانی کے گوشت میں بہتر یہ ہے کہ تین حصے کرے، ایک حصہ اپنے لیے رکھے، ایک حصہ اپنے رشتہ داروں کو دے اور ایک حصہ فقراء و مساکین کو دے، لیکن اگر سارے کا سارا اپنے لیے رکھے تب بھی جائز ہے۔

مسئلہ نمبر: ۲۴...قربانی کی کھال کسی کو خیرات کے طور پر دے یا فروخت کرکے اس کی قیمت فقراء کو دے، البتہ اگر کسی دینی تعلیم کے مدرسہ اور جامعہ کو دے دے تو سب سے بہتر ہے، کیونکہ علم دین کا احیاء سب سے بہتر ہے۔

مسئلہ نمبر: ۲۵...قربانی کی کھال کو اپنے مصرف میں بھی لایا جاسکتا ہے، اس طور پر کہ اس کا عین باقی رہے، مثلاً: مصلیٰ بنائے یا رسی یا چھلنی بنائے تو درست ہے۔

مسئلہ نمبر: ۲۶... قربانی کی کھال کی قیمت مسجد کی مرمت یا امام و مؤذن یا مدرس یا خادم کی تنخواہ میں نہیں دی جاسکتی، نہ اس سے مدارس کی تعمیر ہوسکتی ہے اور نہ شفاخانوں یا دیگر رفاہی اداروں کی۔

مسئلہ نمبر: ۲۷...قربانی کی کھال قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں۔

☆...اگر کسی کی قربانی کی کھال چوری ہوگئی یا چھن گئی تو اُسے چاہیے کہ وہ کھال کی رقم صدقہ کردے، اگر استطاعت نہ ہو تو کوئی حرج نہیں، قربانی پر فرق نہیں پڑے گا۔

مسئلہ نمبر: ۲۸...اگر قربانی کے تین دن گزر گئے اور قربانی نہیں کی تو اب ایک بکری یا بھیڑ کی قیمت خیرات کردے، اور اگر جانور خریدا تھا، مگر قربانی نہیں کی تو بعینہ وہی جانور خیرات کردے۔

مسئلہ نمبر: ۲۹...ایصال ثواب کے لیے قربانی کا گوشت خود بھی کھاسکتا ہے اور دوسروں کو بھی کھلاسکتا ہے۔

مسئلہ نمبر: ۳۰...اگر کسی شخص کے حکم کے بغیر اس کی طرف سے قربانی کی تو قربانی نہیں ہوگی۔ اسی طرح اگر کسی شخص کو اس کے حکم واجازت کے بغیر قربانی میں شریک کیا تو کسی کی بھی قربانی نہیں ہوگی، اسی طرح اگر حصہ داروں میں سے کوئی ایک صرف گوشت کی نیت سے شریک ہے تو کسی کی قربانی صحیح نہ ہوگی۔

مسئلہ نمبر: ۳۱... قربانی کا گوشت غیر مسلم کو بھی دے سکتا ہے، البتہ کسی کو اجرت میں نہیں دے سکتا۔

مسئلہ نمبر: ۳۲...گابھن جانور کی قربانی صحیح ہے، اگر بچہ زندہ نکلے تو اس کو بھی ذبح کردے۔ اور گوشت آپس میں تقسیم کرنے کی بجائے صدقہ کردیا جائے۔

☆...قربانی کے جانور کے بال کاٹنا یا دودھ دوھنا درست نہیں ہے، اگر کسی نے ایسا کیا تو اُسے صدقہ کرے، اگر بیچ دیا تو اس کی رقم کو صدقہ کرنا واجب ہے۔ (بدائع، ج:۵، ص:۷۸)

مسئلہ نمبر: ۳۳...جو شخص قربانی کرنا چاہے اس کے لیے مستحب یہ ہے کہ یکم ذوالحجہ سے قربانی کا جانور ذبح ہونے تک نہ اپنے جسم کے بال کاٹے اور نہ ناخن۔ (ابوداوٗد)

☆...البتہ اگر زیر ناف اور بغل کے بالو ںپر چالیس روز کا عرصہ گزر چکا ہو تو ان بالوں کی صفائی کرنا بہتر ہے۔

مسئلہ نمبر: ۳۴... قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ تک بھی رکھ سکتا ہے۔ (ابوداؤد)

مسئلہ نمبر: ۳۵... جانور ذبح کرنے کے لیے چھری خوب تیز ہونی چاہیے، تاکہ جانور کو تکلیف نہ ہو۔ (ابوداؤد)

مسئلہ نمبر: ۳۶... اگر کوئی شخص اپنی قربانی کا گوشت سارا کا سارا کسی اور کو کھلا دے، خود کچھ بھی نہ کھائے تو ایسا کر سکتا ہے۔ (کتاب الآثار)

مسئلہ نمبر: ۳۷... خصی جانور کی قربانی جائز، بلکہ افضل ہے، کیونکہ اس میں دوسرے کی بہ نسبت گوشت زیادہ ہوتا ہے۔

مسئلہ نمبر: ۳۸... ذبح کرتے وقت تکبیر کے علاوہ کچھ اور نہیں کہنا چاہیے، مثلاً: "باسم اللہ تقبل من فلان"۔ (کتاب الآثار)

مسئلہ نمبر: ۳۹... اگر کسی نے قربانی کی نذر مانی اور وہ کام ہو جائے تو قربانی واجب ہے، اس کے گوشت سے خود نہیں کھا سکتا، سارا فقراء اور مساکین کو کھلا دے۔

مسئلہ نمبر: ۴۰... اگر کسی شخص کی ساری یا اکثر آمدنی حرام کی ہو تو اس کو اپنے ساتھ قربانی میں شریک نہیں کرنا چاہیے۔ اگر شریک کیا تو کسی کی قربانی نہیں ہوگی۔ ایسا شخص جس کی ساری کمائی حرام کی ہو، اس پر قربانی لازم نہیں، کیونکہ اس کا سارا مال واجب التصدق (بلا نیتِ ثواب صدقہ کرنا ضروری) ہے۔ دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ حرام مال سے کسی کا صدقہ قبول نہیں فرماتے، بلکہ وہاں صرف پاکیزہ مال سے کیا ہوا صدقہ و خیرات قبول ہوتا ہے۔

مسئلہ نمبر: ۴۱... بکری کے علاوہ دوسرے کسی جانور میں تمام شرکاء اپنا اپنا حصہ تقسیم کئے بغیر فقراء کو دینا چاہیں تو دے سکتے ہیں۔

☆... البتہ اگر نذر کی قربانی ہو یا مرحوم کی وصیت کے تحت قربانی کر رہے ہیں تو پھر تقسیم سے پہلے کسی فقیر کو دینا درست نہیں۔

مسئلہ نمبر: ۴۲... کسی نے مرتے وقت وصیت کی کہ میرے مال سے قربانی کی جائے تو اس قربانی کا سارا گوشت خیرات کرنا ضروری ہے، خود کچھ بھی نہ کھائے۔ ۹اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو قربانی کی روح اور حقیقت سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری یہ ظاہری قربانی حقیقی قربانی کے لیے پیش خیمہ ہو اور ہم اس ظاہری و مادی قربانی کی طرح اللہ کے حکم پر اپنی جان کی قربانی کے لیے بھی ہمیشہ تیار رہیں۔

والله الموفق والمعين وصلى الله تعالى على خير خلقه محمد وآله وصحبه أجمعين

رائل انڈین آرمی

پاکستانی فوج کی تاریخ پر لکھی گئی شاندار تحریر

قسط دوم



باب اول : پاکستانی نہیں بلکہ برطانیہ کی باقیات

دو باتیں

۱۔ جیسا کہ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد کوئی نئی فوج باقاعدہ طور پر ترتیب نہیں دی گئی بلکہ جیسے دونوں ملکوں کے درمیان زمین تقسیم ہوئی بلکل اسی طرح فوج بھی تقسیم ہوئی اور اس میں مذہب کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا۔ چنانچہ اس طرح (رائل انڈین آرمی) ہی پاکستان کی قومی فوج قرار دی گئی۔ لیکن اس حقیقت کے باوجود بہت سارے لوگ (اندھی عقیدت) کی وجہ سے یہ بات ماننے سے انکاری ہیں۔ اس لیے ہم اس باب میں اولاً اِس فوج کی (تاریخ) ذکر کریں گے۔ بعد ازاں فوج کے اہلکاروں اور جرنیلوں کی انگریز کے دور میں رائل انڈین آرمی میں ملازمت اور انگریز سے وفاداری بھی ثابت کریں گے۔ شاید کہ وہ لوگ جو حقیقت کے چور ہیں حقیقت پر نظر ڈال کر (حقیقت پسند) بن سکیں۔

۲۔ دوسری بات یہ کہ کچھ لوگ فوج کی حقیقت کی طرح حکومت کی حقیقت (جو کہ انگریز کی وفاداری ہے) کو ماننے سے انکاری ہیں۔ اس لیے ہم حکومت کے چند افراد جو کہ باختیار تھے، کو بھی موضوعِ بحث بنائیں گے، اور یہ حقیقت بھی واضح کریں گے کہ حکومت مکمل طور پر شروع سے برطانیہ کی غلام رہی، اور پھر اس کا رخ برطانیہ کی جانب سے پھر کر کسی اور طرف ہوگیا، یعنی قبلہ تبدیل ہوگیا۔

فوج کی تاریخ :

فوج کی تاریخ جیسا کہ سب کو معلوم ہے بہت پرانی ہے۔ اس لیے ہم کہتے ہیں کہ (فوج پاکستان سے بھی عمر میں کم ازکم سو سال بڑی ہے)۔ آئیے چند بنیادی باتوں کو ذکر کرتے ہیں تاکہ فوج کی تاریخ سمجھنے میں آسانی ہو جائے۔

صدارتی فوج

۱۷۵۷ء کی جنگ پلاسی میں برطانیہ نے فتح حاصل کی۔ چونکہ برطانیہ کو معلوم تھا کہ اُس نے طاقت کے بل بوتے پر قبضہ کیا ہے، اس لیے ہندوستان پر قبضہ برقرار رکھنے کے لیے بھی اُسے طاقت کی ضرورت پڑے گی۔ اسی بات کا اظہار ممبئی کے ایک برطانوی گورنر نے اِن الفاظ میں کیا کہ "ہم نے ہندوستان کو تلوار کے زور پر قابو کر رکھا ہے۔ اگر ہم اپنی فوجی برتری برقرار نا رکھ پائے تو ہمارا اقتدار تیزی سے ختم ہو جائے گا"۔

(Colonel J. Mac Donald, Secretary to Government of Bombay, Military Department ۲۹th June ۱۸۷۵, in Paramiltary Papers, ۱۸۷۷, Vol.۶۲)

چنانچہ اسی وجہ سے برطانوی حکومت نے اپنی فوجی طاقت کو بڑھانا شروع کیا، اور نئے سرے سے ہندوستانی لوگوں کو بھرتی کرنا شروع کیا، اور بتدریج فوج کو بڑھاتا چلا گیا۔ پھر منظم نظام قائم کرنے کے لیے برطانیہ نے فوج کو (صدارتی فوج) کے نام سے موسوم کیا اور اُسے تین حصوں میں تقسیم کیا۔ جو کہ مدارس آرمی، بنگال آرمی اور ممبئی آرمی سے معروف ہیں۔ اگرچہ برطانیہ نے ہندوستانی افراد پر مشتمل فوج اس سے پہلے ہی بنانا شروع کردی تھی مگر منظم بعد میں کی اور پھر اس فوج کی انگریز کے ساتھ وفاداریاں اور اسلام کے خلاف بغض و دشمنی کھل کر سامنے آنے لگی۔

مغربی ہندوستان پر قبضہ:

انیسویں صدی عیسوی کے ابتدائی حصے میں انگریزوں نے ہندوستان کے مشرقی، جنوبی اور وسطی علاقوں پر قبضہ کرلیا تھا، بلکہ کافی حد تک مستحکم بھی کرلیا تھا۔ چنانچہ اس کے بعد وہ مغربی ہندوستان (موجودہ پاکستان) کی طرف متوجہ ہوا۔ اس وقت پنجاب اور سرحد میں سکھوں کی حکومت تھی۔ انگریز کی کوشش تھی پنجاب اور سرحد پر قبضہ کرلے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ سندھ اور بلوچستان کے لیے بھی کوششوں میں مصروف تھا۔ سکھوں کی حکومت پاکستانی پنجاب، ہندوستانی پنجاب، کشمیر، سرحد کے کچھ علاقوں اور پنجاب سے ملحقہ سندھ کے کچھ علاقوں تک پھیلی ہوئی تھی۔ ۱۸۲۵ء سے ۱۸۳۰ء کے درمیان سید احمد شہید رحمہ اللہ کی امارت میں کیے گئے جہاد کے نتیجے میں سکھوں کی حکومت کچھ کمزور ہوئی، تو پشاور، بونیر اور مردان وغیرہ کے علاقے سکھوں سے جنگ کر کے چھین لیے گئے، اور وہاں سید صاحبؒ کی امارت میں باقاعدہ (شرعی امارت) قائم کردی گئی۔

۱۸۳۱ء میں جب سید احمد شہید اور ان کے معتمد خاص حضرت شاہ اسماعیلؒ سکھوں سے لڑتے ہوئے بالاکوٹ کے مقام پر جام شہادت نوش کر گئے تو وقتی طور یہ تحریک کمزور پڑ گئی (تفصیل کے لیے دیکھیں، "تاریخ دعوت و عزیمت جلد ششم حصہ اول و دوم") اور (شرعی امارت) بھی مستحکم نا ہو سکی۔ دوسری طرف ۱۸۳۹ء میں سکھ حکمران رنجیت سنگھ کی موت کے بعد باہمی اختلاف کی وجہ سے سکھوں کی حکومت بھی کمزور پڑ گئی۔ تب انگریز نے سکھوں کی کمزوری سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اُن کی ریاست پر دو مظبوط حملے کیے اور اُن کی باقی ماندہ قوت بھی ختم ہوگئی۔ یہ حملے ۱۸۴۶ء سے ۱۸۴۹ء کے درمیان کیے گئے۔ یوں ۱۸۴۹ء کے اختتام تک سکھوں کی پوری سلطنت پر انگریزوں کا قبضہ ہوگیا۔

جیسا کہ ہم نے اوپر عرض کیا کہ سکھوں کی حکومت ختم کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی کوشش یہ بھی تھی کہ بلوچستان اور سندھ پر قبضہ کیا جائے، چنانچہ وہ اس کے لیے عملی کوششیں بھی کررہا تھا۔ سندھ پر تالپور خاندان کی حکومت تھی۔ وہ اندرونی اختلافات کی وجہ سے کمزور ہوئی۔ اس کے بعد سندھ کی وسیع سلطنت میرپور اور خیرپور دو علیحدہ علیحدہ ریاستوں میں بٹ گئی جس کی وجہ سے انگریز نے یہ موقع غنیمت جانا اور حملہ کردیا۔ اسی وجہ سے میانی کے مقام پر زبردست لڑائی ہوئی اور انہوں نے امیرانِ سندھ کو شکست دی۔ (تاریخ دعوت و عزیمت از مولانا سید ابوالحسن ندویؒ جلد ششم حصہ اول)۔ نیز ۱۸۳۹ء تک انگریزوں نے قلات پر بھی قبضہ کرلیا۔ بعد ازاں ۱۸۴۲ء میں وہاں پولیٹیکل ایجنٹ کا نظام نافذ کردیا۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ

بلوچستان کے بقیہ علاقوں پر بھی اپنی گرفت مظبوط کرتے گئے۔ یہاں تک کہ ۱۸۷۶ء میں کوئٹہ پر بھی انگریزوں کا قبضہ ہوگیا۔ (انسا ئیکلوپیڈیا برٹینیکا سافٹ ویئر : ۱۰) مغربی ہندوستان کی اس پوری لڑائی میں انہوں نے مدراس آرمی اور بنگال آرمی کو استعمال کیا۔ یاد رہے یہ آرمی صدراتی فوج کے تحت تقسیم کی گئی افواج میں سے تھی۔

فرنٹیئر فورس کا قیام :

مغربی ہندوستان (موجودہ پاکستان) پر قبضے کے بعد انگریز حکومت کے لیے سب سے بڑا چیلنج (مغربی سرحد) کو محفوظ بنانا تھا تاکہ اس طرف سے افغانستان یا روس وغیرہ ہندوستان پر حملہ نا کریں۔ ایک دوسرا خطرہ بھی انگریز کو درپیش تھا جو کہ (تحریک سید احمد شہیدؒ) کی طرف سے تھا۔ کیونکہ یہ تحریک سید صاحب کی شہادت کے بعد وقتی کمزور تو ہوئی تھی مگر اب پھر منظم ہو رہی تھی۔ چنانچہ مانسہرہ، گڑھی حبیب اللہ، مظفر آباد اور بالاکوٹ وغیرہ میں باقاعدہ شرعی امارت قائم ہو چکی تھی۔ جس کے امیر سرزمین بنگال سے تعلق رکھنے والے مولانا عنایت علی عظیم آبادی تھے (موج کوثر از شیخ محمد اکرام)۔ چنانچہ انگریز نے ان دونوں خطروں سے نمٹنے نیز قبائلی مسلمانوں کے مجاہد دستوں کے حملوں سے بچنے کے لیے ۱۸۴۹ء میں (بعض کتابوں میں ۱۸۴۳ء بھی آتا ہے، شاید تاسیس اول یا ثانی کی وجہ سے ایسا ہے۔ واللہ اعلم) انگریز نے ایک نئی فورس تیار کی، جو کہ (فرنٹیئر فورس) کے نام سے مشہور تھی۔ اس میں پنجاب و سرحد کے مقامی لوگوں کو بڑی تعداد میں بھرتی کیا گیا۔ اس (فورس) کی دس رجمنٹس بنائی گئیں جن میں پانچ پیادہ اور پانچ سوار تھیں۔ ہر رجمنٹ کی کمان چار یورپی آفیسرز کرتے تھے۔ جن کے تحت سولہ (۱۶) مقامی آفیسرز اور (۹۰۰) نو سو مقامی سپاہی ہوتے تھے (دی گیریزن سٹیٹ)۔ اس سے آپ پنجاب و سرحد کی مقامی آبادی کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ کتنی کثیر مقدار میں برطانیہ کی خدمت سرانجام دیتے تھے۔ جاری ہے۔۔۔۔۔

بابا جان "آئی مس یو"

تحریک طالبان پاکستان کے ایک مجاہد کی ہمسفر کی رلادینے والی کہانی

رات کے نو بج رہے تھے۔ عام روٹین سے دن گزرا تھا۔ بچے آج بہت خوش تھے کہ آج ان کے لیے ان کے بابا تجویدی سپاروں کا سیٹ لائے تھے۔ رات کا کھانا تیار تھا۔ سرتاج صاحب تھکے ماندے کچھ دیر پہلے گھر آئے تھے۔ اچانک گھر کا دروازہ دھڑا دھڑ کوئی کھٹکھٹانے لگا۔ کسی انہونی کے خیال سے دل یک دم مٹھی میں آگیا۔ سرتاج نے دروازہ کھولا اور سات آٹھ آدمی اندر گھس آئے۔ میں ایک کمرے میں بیٹھ گئی اور ان لوگوں نے گھر کی تلاشی لینی شروع کر دی۔ ایک ایک الماری کھول کے سامان باہر پھینکنا شروع کیا پھر ایک چادر بچھا کر اس پر ہماری کتابیں پھینکی۔ کیش پیسے بھی اٹھا لیے۔ چادر سمیٹ سرتاج کو ہتھکڑی لگائی اور اپنے ساتھ لے گئے۔

کیا آپ تصور کر سکتے ہیں اس عورت کی حالت کہ جس کی زندگی کا واحد سہارا اس کا شوہر ہو۔ جس کا نہ بھائی ہو، نہ باپ نہ کوئی بیٹا۔۔۔

جس نے کبھی اکیلے گھر سے باہر قدم نہ نکالا ہو۔ جس نے پچھلے سات سال سے کبھی کوئی رات اکیلے نہ گزاری ہو۔

میں کبھی امی کو فون کر رہی کبھی ساس سسر کو۔ کبھی روتی ہوئی تین سالہ بچی کو اٹھاتی جس کو بس یہ دکھ ہو رہا تھا کہ بابا مجھے ساتھ لے کے نہیں گئے۔ کبھی پانچ سالہ بچی کے سوالات کے جواب دے رہی۔

آخر بھیگی آنکھوں سے نماز ادا کی اور رب کو حال دل سنایا اور مدد مانگی۔ بچوں کا بستر اپنے کمرے میں لگایا اور خود سونے کی کوشش کرنے لگی۔ ایک نظر پر سکون سوئے بچوں لیکن پڑی دل میں خدشات کی لہر اٹھی۔ ماؤف ہوتے دماغ کے ساتھ نیند کی شدت غالب آگئی۔

رات کا نہ جانے کونسا پہر تھا کہ ایک دم آنکھ کھلی، دل اتنا تیز دھڑک رہا تھا کہ یوں لگا باہر نکل آئے گا۔ آج بھی اس لمحے کو سوچوں تو کانپ جاتی ہوں! یہ بھی خیال آتا ہے کہ اس لمحے جو خوف کی کیفیت مجھ پر گزری، شاید اس کے بدلے پچھلے سب گناہ معاف ہو جائیں۔ بس پھر نہایت شدت سے اللہ سے مدد مانگی، اپنے شوہر کی بحفاظت واپسی اور سب کی سلامتی کی دعاء۔ اپنے سکون قلب کی دعاء۔

ألا بذكرالله تطمئن القلوب

بس اس کے بعد الحمدللہ دوبارہ کبھی خوف محسوس نہ ہوا۔ یہاں تک کہ بعد کے دو سال میں بے شمار ایسے مواقع آئے کہ اب میں خود بھی سوچوں تو حیران رہ جاتی ہوں کہ میں تو اتنی کمزور ہوں اس سب سے کیسے گزر گئی؟۔

ایک بار سسر جی نے فون پر پوچھا کہ بیٹی آپ کو رات کو نیند کیسے آجاتی ہے؟ میں نے بتایا کہ میں اللہ سے مانگتی ہوں کہ اللہ میرے دل کو ویسے ہی مضبوط و مربوط کر دے جیسے موسی علیہ السلام کی والدہ کے دل کو کیا تھا۔

وہ کہنے لگے بیٹا یہ دعا میرے لیے بھی کر دیا کرو۔

یقین کریں میرے رحیم رب نے اس دعا کو اتنا پیارا قبول کیا کہ کتنے ہی موقعوں پر میں خود بول اٹھی کہ۔۔۔

لولا أن رّبطنا على قلبها

میں نے لوگوں کی نظروں اور رویوں میں تمسخر دیکھا، حقارت دیکھی، اپنوں کے طنز برداشت کیے۔ زندگی گویا ایک سو اسی ڈگری پر پلٹ گئی۔ کھانے پینے کا بھی ہوش نہ رہا۔ دو کمسن بچے اور پہاڑ سی زندگی۔ مگر ہر ہر لمحے پر ایسے لگا جیسے اللہ تعالیٰ ہاتھ پکڑ کر چلا رہے ہوں۔ پھر مجھے بھی عادت ہوگئی اللہ کے اس ساتھ کی۔ ہر نئے فیصلے اور کام سے پہلے حتیٰ کہ سبزی خریدنے سے پہلے بھی بار بار استخارہ کرتی اور اللہ کی مدد سے کام آسان ہو جاتا۔ ایسے ایسے معجزات ہوتے دیکھے کہ اس راستے کے حقانیت کا یقین ہر روز مزید بڑھ جاتا۔

آنکھ کے آنسو اور دل کے غم پر تو البتہ کوئی اختیار نہ تھا۔ ایک دن بچوں کی الماری کی صفائی کرتے ہوئے مڑا تڑا ایک کاغذ ملا۔ کوڑے میں پھینکنے سے قبل کھول کر دیکھا تو کچی پنسل سے آڑھی ترچھی لکھائی میں لکھا تھا "بابا میں پریپ میں ہو گئی ہوں۔

"I miss you"

ایک دم بلا ارادہ ہی آنکھیں بھریں اور بھر کر برس گئیں۔۔۔

کئی بار کوئی سخت کام کرتے ہوئے یاد آتا کہ ایک بار پیاز کاٹتے ہوئے ہاتھ پر ہلکا سا کٹ لگ گیا تو سرتاج نے منع کر دیا کہ آئندہ تم نے پیاز نہیں کاٹنا۔

کئی بار لگا کہ کہیں میں ڈپریشن میں نہ چلی جاؤں مگر پھر بچوں کی طرف دیکھ کر سوچتی کہ ان کے لیے تو اس وقت میں ہی ماں اور میں ہی باپ ہوں۔ کئی بار اپنی کیفیت سے سورہ احزاب کی آیت یاد آئی و زلزلوا زلزال شدیدا اور اس کا مطلب بھی اچھی طرح سمجھ آیا۔

مگر میرا رب اتنا رحیم اور ودود ہے وہ اپنے راستے پر چلنے والوں کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑتا۔ جس دن میں زیادہ غمگین ہوتی اسی رات اللہ تعالیٰ کوئی بہت اچھا خواب دکھا دیتے کہ دل پھر مضبوط ہو جاتا۔

ایک کام یہ کیا کہ جو بھی حال دل تھا وہ صرف اللہ سے کہا۔ کسی قریبی سے قریبی بھی انسان کے آگے کچھ نہ کہا۔ بالکل خاموشی اختیار کی۔ جب رونے کو دل کیا اکیلے میں اللہ کے آگے رو لیا۔

ایک شاید نفسیاتی سا مسئلہ یا اس کو جو بھی کہہ لیں، ہوا یوں کہ میرے سے شوہر کی گرفتاری اور اس سارے معاملے پر کوئی بات کسی سے نہ کی جاتی تھی۔ بات کرتے ہوئے عجیب سی حالت ہو جاتی تھی۔ کوئی شخص اس بارے میں کچھ پوچھتا تو مجھ سے کچھ بتایا ہی نہ جاتا۔ کچھ لوگوں کو بھی بس لذت کے لیے اس طرح کے سوالات بار بار پوچھنے کی عادت ہوتی ہے۔ میں نے ہر اس شخص سے بات کرنا ہی چھوڑ دیا جس کے بارے میں مجھے لگتا کہ یہ شوہر کے بارے میں استفسار کریں گے۔

کچھ لوگوں نے ذہنی اذیت یوں دی کہ گھر والوں کو کہا جاتا کہ بس ایک ہفتے میں یہ بندہ واپس آجائے گا۔ میں سارے گھر کی صفائی کرتی۔ سر تاج کی پسندیدہ چیزیں پکانے کا سامان منگوا کر رکھتی۔ سوٹ استری کر کے لٹکاتی اور پھر ایک دو تین ہفتے اور مہینے گزر جاتے اور سر تاج کا کچھ پتا نہ چلتا۔

یہ بھی اللہ ہی کی مہربانی تھی کہ کچھ لوگوں کے دلوں کو اللہ نے نرم کر دیا اور ان کی وجہ سے بے حد آسانیاں ہوئیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ اللہ انہیں اجر عظیم سے نوازیں ان کی لغزشوں سے درگذر کریں اور نیکی میں مزید آگے بڑھنے کی توفیق دیں۔

ایک رات خواب دیکھا کہ میں درد زہ کے ساتھ ہسپتال گئی ہوں۔ ہسپتال بھی دیکھا کہ یہ والا ہے اور دو قابل لیڈی ڈاکٹرز بھی جن کو میں جانتی تھی دیکھی کہ وہ میرا چیک اپ کر رہی ہیں۔ دل کو بہت تسلی ہوئی کہ ان شا اللہ اچھا خواب ہے۔ صبح اٹھ کہ بڑی بیٹی کہتی ماما میں نے خواب دیکھا کہ ہمارے گھر ایک بے بی آیا ہے اور وہ بے بی کوئی اور نہیں بلکہ ہم دونوں بہنوں کا بھائی ہے! مطلب اسی رات اللہ نے یہ خواب بچی کو دکھایا تاکہ دل مزید پختہ ہو جائے۔ اور تو اور کچھ دن بعد ایسا ہی خواب امی نے بھی مجھے سنایا۔

اس کے علاوہ بھی کئی بار خواب دیکھا کہ سر تاج واپس آ گئے ہیں تو بس دل کو یقین تھا کہ ضرور آئیں گے۔

مگر زندگی اتنی مشکل تھی کہ کئی بار دل پکار اٹھتا کہ "متی نصر اللہ؟"۔ پھر ایسے لگتا کہیں قریب سے ہی جواب آیا کہ "ألا ان نصر اللہ قریب۔"

ایک بار گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے سورہ آل عمران کی تلاوت لگائی ہوئی تھی کہ آیت کانوں میں پڑی

"اور کتنے ہی نبی ایسے گزرے جن کے ساتھ مل کر اللہ والے (اللہ کے دشمنوں سے) لڑے۔ تو جو مصیبتیں ان پر اللہ کے راستے میں آئیں ان کی وجہ سے نہ تو انہوں نے ہمت ہاری نہ کمزور پڑے اور نہ کافروں سے ڈرے اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں"

مجھے تو ایسا ہی لگا کہ یہ آیت میں نے پہلی بار سنی ہے، حالانکہ ہزاروں بار پڑھی اور سنی تھی مگر کبھی اس طرح غور ہی نہ کیا۔

ایک بار کسی کا قول پڑھا کہیں کہ جو دعا آپ کو تہجد کے لیے نہ اٹھا سکے، اس دعا میں آپ کی تڑپ سچی نہیں۔ بات دل کو لگی اور باقاعدہ تہجد شروع کر دی۔

ایک بار یوسف علیہ السلام کے قصے میں غور کیا کہ یعقوب علیہ السلام نے کتنے سال کیسا خوبصورت صبر کیا۔ پھر رونے لگ گئی کہ یا اللہ وہ تو نبی تھے، میں تو ایک ادنی کمزور عورت ہوں۔ میری اتنی ہمت نہیں۔

یہ چیز بھی محسوس کی کہ اللہ سے محبت اور تعلق بہت زیادہ بڑھ گیا۔ آج بھی بہت سے معاملات کو اسی کریم اور مقتدر کے حوالے کر کے بے فکر ہو جاتی ہوں یہ سوچ کر کہ اس کڑے وقت میں بھی تو اللہ نے کیسے کیسے مدد کی تھی۔

پھر اس سب آزمائش میں اللہ تعالیٰ کی رحمت خوب جوش میں آئی۔

ایک صبح حسب معمول گھر کے کام سے فارغ ہو کر بچوں کو سکول چھوڑا۔ آج دل کچھ زیادہ ہی اداس اور تنگ ہو رہا تھا۔ طبیعت بھی ٹھیک نہ تھی، کام سب خود کرنے تھے، پھر دل ہی دل میں اللہ کو پکارا اور مدد مانگی۔ دوپہر میں مصروف تھی کہ سسر ابو کی کال آئی۔ کہتے بیٹا ایک بڑی خبر سناؤں تو سہہ لوگی؟ میرے منہ سے پہلا جملہ یہ ہی ادا ہوا کہ

"آ گئے وہ؟"

اور پھر انھوں نے فون سر تاج کو پکڑا دیا۔ اس آواز کو تو میں لاکھوں میں پہچان سکتی تھی۔ پھر یہ کائنات دو سال پیچھے چلی گئی اور آسمان تک سات رنگوں میں ڈوب گئی۔ بادل برسے اور ہر چیز نکھر کر خوبصورت ہو گئی۔

میرا رحیم رب۔ میرا کریم رب۔

اس کو پتا تھا کہ اس کی بندی کی کہاں تک ہمت ہے۔ بس اس سے آگے نہیں آزمایا۔ میری اوقات سے بڑھ کے مجھے دیا۔

اور وہ دردزہ والا خواب۔۔۔

وہ بھی پھر پورا ہوا، ہو بہو۔ اسی ہسپتال میں ان ہی ڈاکٹرز کے ہاتھوں میں۔ میں اپنے بیٹے کے بارے میں یہی کہتی ہوں کہ یہ تو میرے خواب کی تعبیر ہے۔

اللہ سے یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ساری آزمائش کا اجر آخرت میں دیں اور تمام مظلومین پر اپنا کرم فرمائیں۔ ہر وہ بہن جو میرے جیسے حالات سے گزر رہی ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے بے شمار آسانیاں کر دیں۔ آمین۔

یہ تحریر ایک ایسے صبر، توکل اور قرب الٰہی کی گواہی ہے جو آزمائشوں کے کٹھن ترین لمحوں میں کسی بندۂ مومن کو میسر آتا ہے۔ درد، بے بسی، اکیلا پن اور خوف کے لمحات میں جس طرح اللہ کو پکارا، اسی طرح اللہ نے بھی ہاتھ تھاما، دل کو تسلی دی، اور اپنے وعدے کے مطابق نصرت عطا فرمائی۔

نوٹ:

یہ داستان۔۔۔
اللہ تعالیٰ سے تعلق کی ایک زندہ مثال ہے
ماں کی ہمت اور قربانی کی گواہی ہے
شوہر سے محبت کی لطیف جھلک اور
دعا کے معجزانہ اثرات کا بیان ہے۔

جس خوبصورتی اور روانی سے جذبات کو قلمبند کیا گیا ہے، وہ قاری کے دل تک اترتی ہے اور بے اختیار آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ سب سے حسین بات یہ ہے کہ دکھ اور تنہائی میں کسی انسان کے بجائے صرف اللہ سے رجوع کیا گیا، جو سب سے بڑا سہارا ہے۔



معصومیت کا قتلِ عام؛ ناپاک فوج کے ہاتھوں مظلوم قبائلی مسلمانوں کی نسل کشی کی ایک اور خونچکاں داستان

عبداللہ انصاری

ظلم کی داستانوں میں کچھ کہانیاں ایسی ہوتی ہیں جو صرف آنکھوں کو نم نہیں کرتیں بلکہ انسانی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتی ہیں۔ ایسی کہانیاں اس حقیقت سے پردہ اٹھاتی ہیں کہ دنیا میں انسانیت، عدل اور عام شہریوں کی حرمت محض کھوکھلے نعرے رہ گئے ہیں۔

بدقسمتی سے، ہمارے ہی وطن کی سرزمین، ہمارے ہی بچوں کے جسموں، اور ہماری ہی ماؤں کی قبروں پر جو بم برس رہے ہیں، وہ امریکہ، بھارت اور اسرائیل کے ایجنٹ پاکستان کی ناپاک فوج کی طرف سے برسائے جا رہے ہیں۔ وہی فوج جو خود کو اسلام کے قلعے کا محافظ کہتی ہے، لیکن درحقیقت توحید، غیرت، اور انسانیت کی قاتل اور سوداگر ہے۔

میر علی کی خونی رات؛ معصوم خوابوں کا ملبہ :

گزشتہ شب، شمالی وزیرستان کی تحصیل میر علی کے گاؤں ہرمزکی پرامن رات کو ناپاک فوج کے کواڈ کاپٹر ڈرون نے جہنم میں بدل دیا۔

ایک گھر جس میں ننھے بچے، خواتین اور ایک مؤمنہ ماں امن سے زندگی گزار رہے تھے، ظلم اور دہشت کا نشانہ بن گیا۔

تین معصوم بچے اور ایک مومنہ ماں شہید ہوئیں، جب کہ متعدد بچے اور خواتین شدید زخمی ہوئیں۔

یہ صرف ایک واقعہ نہیں، بلکہ قبائلی علاقوں کے خلاف جاری ظلم کی اُس شیطانی لڑی کا تسلسل ہے جو ناپاک فوج مظلوم مسلمانوں پر مسلط کر چکی ہے۔

طاغوتی افواج کے تازہ مظالم کی فہرست :

رواں میں ہی خیبر ایجنسی کی تحصیل باڑہ میں ناپاک فوج کی طرف سے بے گناہ اور معصوم لوگوں پر تین بار فضائی اور ڈرون حملے کیے گئے۔

باجوڑ ایجنسی کی تحصیل واڑہ ماموند میں جب تحریک طالبان پاکستان اور ناپاک فوج کے درمیان جھڑپ ہوئی، اور فوج کو شکست ہوئی، تو انہوں نے بدلہ عام لوگوں پر بمباری سے لیا، جس میں ایک معصوم بچہ شہید اور کئی زخمی ہوئے۔

ضلع بنوں کی تحصیل جانی خیل میں دو حملے ہوئے۔

پہلے حملے میں ایک باپ اور بچہ شہید، کئی زخمی۔

دوسرے حملے میں ۱۵ سے زائد بچے، عورتیں اور بزرگ زخمی ہوئے۔

ضلع ٹانک میں ایک تبلیغی جماعت پر ڈرون حملہ کیا گیا، دو کارکن شہید اور دو زخمی ہوئے۔

اور اب میر علی میں معصوموں کا خون پھر بہایا گیا۔

یہ جنگ نہیں، منظم نسل کشی ہے!

جب فلسطین، افغانستان یا کشمیر وغیرہ میں بمباری کی خبر آتی ہے تو یہ ریاستی علما، سیاسی رہنما اور نام نہاد انسانی حقوق کے محافظ رونے لگتے ہیں۔ مگر جب وہی ظلم ان کے اپنے علاقے، قوم، مسجد، اور ماؤں بہنوں پر کیا جاتا ہے، تو سب کے لب سل جاتے ہیں!

کیوں؟

کیوں وہ حق کا کلمہ نہیں بلند کرتے؟

کیوں وہ منبر سے طاغوت اور ان طاغوتی افواج کے خلاف آواز نہیں اٹھاتے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "افضل الجہاد کلمۃ حق عند سلطان جائر"

تو یہ علما، مشران، سیاستدان خاموش کیوں ہیں؟

نعرے، بینرز اور بے عمل احتجاج، مگر ظلم جاری...

کچھ لوگ صرف بینرز اٹھاتے ہیں، نعرے لگاتے ہیں، مگر ظلم کا سیلاب تھمنے کا نام نہیں لیتا۔

جبکہ دشمن ٹینک، ڈرون اور بموں سے ہمارے بچوں کا خون بہا رہا ہے۔

اس وقت صرف نعرے نہیں، عمل کی ضرورت ہے۔

تحریک طالبان پاکستان؛ اسی قوم کے بیٹے:

یہ مجاہدین نہ باہر سے آئے ہیں، نہ کسی اجنبی طاقت کے ایجنٹ ہیں۔ یہ اسی قوم کے بیٹے ہیں، جنھوں نے اپنی جان، مال اور آرام چھوڑ کر عزت، ایمان اور شریعت کی حفاظت کے لیے بندوق اٹھائی۔

اگر آج خاموش رہے، تو کل ہماری باری ہے...

آج جو بچہ شہید ہوا، کل وہ ہمارا بچہ ہو سکتا ہے۔

آج جو ماں رو رہی ہے، کل وہ ہماری ماں ہو سکتی ہے۔

آج جو گھر تباہ ہوا، کل وہ ہمارا گھر ہو سکتا ہے۔

یہ جنگ صرف تحریک طالبان پاکستان کی نہیں، یہ ہر مؤمن کی جنگ ہے۔

اگر ہم خاموش رہے، تو کل ہماری خاموشی ہمارے بچوں کے جنازوں پر لعنت بن جائے گی۔

اٹھو! حق کی آواز بلند کرو!

مظلوموں کا ساتھ دو!

ظالم کے خلاف سینہ سپر ہو جاؤ!

اور اسلامی نظام کے قیام کے لیے قربانی دو!

اگر آج تم خاموش ہو، تو کل کا تاریخ تمہاری غداری کا گواہ بنے گا۔

استشہادی مجاہد شہید محمد آغا کا قافلہ...

خون میں ڈوبا گلستان، غیرت میں جاگا بلوچستان!

جمشید انصاری

بلوچستان، ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان کی شام، اپنی خامشی میں بہت کچھ سمیٹے ہوئے تھی۔ پہاڑوں نے وقت کی گواہی دی، ہواؤں نے سُرگوشی کی، اور زمین نے کسی بڑی قربانی کا انتظار کیا...اور پھر وہ لمحہ آ پہنچا...جب زمین نے ایک فدائی کی دھڑکن سنی... اور آسمان نے شہداء کی خوشبو محسوس کی۔

یہ کوئی عام حملہ نہیں تھا...

یہ وہ لمحہ تھا جب استشہادی مجاہد محمد آغا عرف ضرار شہید رحمہ اللہ رحمہ اللہ جیسے عظیم مجاہد نے موٹر بم کے ذریعے استشہادی حملہ کر کے دشمن کے مضبوط قلعے کو خاک میں ملا دیا۔

یہ ضرار تھا...کوئی عام فدائی نہیں!

وہ نہ کوئی نووارد تھا، نہ وقتی جذبے کا مارا ہوا شخص...

ضرار، جسے دنیا اور عام مجاہدین محمد آغا رحمہ اللہ کے نام سے جانتے ہے، ایک جہادی عہد کا شہزادہ تھا...

تحریک طالبان پاکستان کے ولایت کوئٹہ کے سابقہ والی اور پھر معاونِ والی...

ولایتی کمیسیون کے رکن...

امارتِ اسلامیہ کے جہادی صفوف اور استشہادی یونٹوں میں کئی برسوں تک خدمات انجام دینے والا...

ایک ایسا عاشق، جو آٹھ سال تک اپنی شہادت کا منتظر رہا...

اور پھر جب امارتِ اسلامیہ کو فتح ملی تو اس نے تحریک طالبان پاکستان میں شمولیت اختیار کی تاکہ پاکستان کی سرزمین پر بھی جہاد زندہ رہے۔

انہوں نے بلوچستان، خصوصاً کوئٹہ اور پشین اور اس کے اطراف میں تحریک طالبان پاکستان کی سرگرمیاں بحال کیں، مجاہدین کو منظم کیا، جہاد کو پھر سے زندہ کیا، اور مظلوموں کے دلوں میں امید کی شمع روشن کی۔

انہوں نے دو بار زخمی ہو کر بھی ہار نہ مانی، بلکہ میدان کو اور گرمایا۔ وہ ایک، دو نہیں بلکہ درجنوں معرکوں کے سالار، کئی استشہادی حملوں کے نگران، اور ٹارگٹ کلنگ، فدائی پلاننگ، اور عسکری قیادت کے ستون تھے۔

اور جب وقت آیا... تو خود بھی بارود بن گئے!

آخر کار وہ لمحہ بھی آ گیا، جب انہوں نے کہا:

"میں نے دوسروں کو شہادت کی راہ دکھائی...

اب وقت ہے کہ میں خود بھی اس سفر کا مسافر بنوں..."

اور وہ موٹر بم تیار ہوا...

وہ گاڑی جسے عشقِ شہادت نے ایندھن دیا تھا...

وہ رخ کیا دشمن کے قلعے کی طرف...

اور پھر ایک دھماکہ...ایک قیامت...ایک لرزہ...!

ضرار اکیلے نہ تھے...

یہ قافلہ دو اور عاشقوں کو ساتھ لیے ہوئے تھا۔

ان کے سچے، پرعزم، وفادار اور جانثار ڈلگئ کے ساتھی :

استشہادی مجاہد محمد عمر عرف خالد شہید رحمہ اللہ
استشہادی مجاہد محمد قاسم عرف نوری شہید رحمہ اللہ

یہ دونوں اپنی قیادت پر نثار، اپنے مشن کے وفادار، اور اپنے امیر شہید محمد آغا عرف ضرار شہید کے ساتھ آخری سانس تک کھڑے رہے۔
جیسے ہی ضرار نے قلعے کو بارود سے ہلایا، یہ دونوں ساتھی دشمن پر ٹوٹ پڑے...
کئی گھنٹوں تک لڑے...
دسیوں اہلکاروں کو ہلاک کیا...
اور پھر اپنے امیر کی معیت میں جامِ شہادت نوش کیا۔

یہ حملہ، یہ قربانی... صرف ایک واقعہ نہیں، ایک انقلاب کی نوید ہے!
یہ پیغام ہے :
"اسلام کے سپاہی کبھی رُکتے نہیں...
وہ وقت کے فرعونوں کے محلات میں گھس کر اپنی شہادت کا پرچم گاڑتے ہیں!"
ضرار اور اس کے ساتھیوں نے ہمیں سکھایا کہ اگر راہ میں وقت لگے، تکلیفیں آئیں، انتظار لمبا ہو...
تو گھبرانا نہیں...
کیونکہ وہی قربانی تاریخ میں امر ہوتی ہے، جو صبر، اخلاص اور عشق سے گزر کر آتی ہے۔

تحریک طالبان پاکستان کی آواز، شہداء کے نام :
ہم ان فدائیوں کے لہو کو امت کی غیرت سمجھتے ہیں...
ہم ان کے مشن کو اسلامی نظام کی نوید سمجھتے ہیں...
ہم ان کے دشمنوں کو ملت کے غدار اور اسلام کے مجرم سمجھتے ہیں...

اور قسم بخدا!
ہم اس راہ کو اسی طرح روشن رکھیں گے، جیسے ضرار نے اسے اپنے لہو سے چراغ بنایا تھا!
نہ تھی یہ جستجو دنیا کی، نہ حرصِ مال و زر تھی
وہ ایک عشق تھا دل میں، جو بارود میں اُترتی تھی
ضرار گئے نہیں... وہ ہر اس دل میں زندہ ہیں، جو حق کے لیے دھڑکتا ہے!

اللہ اکبر، اللہ اکبر، وللہ الحمد

وادی شوال کی بمباری،

دو مجاہدین کی ایمان افروز داستان


شمالی وزیرستان کی سرسبز اور پُراسرار وادی شوال، جو گھنے جنگلات، پہاڑی وادیوں، اور پرخار راستوں سے بھری ہوئی ہے، آج بھی اس ایمان افروز واقعے کی گواہ ہے جو دو مجاہدین کے صبر، توکل، اور اللہ پر بھروسے کی زندہ مثال بن چکا ہے۔
